Inova™

Inova Fairfax Medical Campus

# مریض کا معلوماتی رہنما

## ٹیلیفون

### اہم نمبرات

- **نرس لیڈر:** آپ کی خدمت کرنے کے لئے 24/7 دستیاب۔ برائے مہربانی اپنی نرس لیڈر کے نام اور فون نمبر کے لئے اپنے نگہداشت بورڈ سے رجوع کریں۔
- **مذہبی رہنما: 703.776.3767**
- **کوئی چیز گم ہوئی اور ملی: 703.776.2280**
- **مریض کے تعلقات/مریض کی وکالت: 703.776.3663**

### مریض کے فون

آپ کا فون نمبر آپ کے نگہداشت بورڈ پر مل سکتا ہے۔ آپ کو صبح 7 بجے سے رات 10 بجے تک کالز آ سکتی ہیں۔ کسی بھی وقت کال کرنے کے لئے **9**، پھر علاقے کا کوڈ اور مطلوبہ فون نمبر ڈائل کریں۔

## خدمات

### کھانے پینے کی چیز

- **ساؤتھ سائڈ کیفے:** کھلنے کے اوقات، روزآنہ صبح 5.30 سے رات 10 بجے تک ہیں۔ ساؤتھ پیشنٹ ٹاور کی پہلی منزل پر واقع، ساؤتھ سائڈ کیفے میں سینڈوچ اور دیگر ہلکے پھلکے کھانے ملتے ہیں (گرِل صرف صبح 5:30 سے 6:30 تک)۔
- **ہارٹ ہیلتھی کیفے:** پیر سے جمعہ تک، صبح 7 بجے سے شام 2 بجے تک۔ Inova Schar Heart and Vascular میں دوسری منزل پر ہارٹ اینڈ ویسکیولر لابی کے اوپر واقع، ہارٹ ہیلتھی کیفے میں سینڈوچ اور دیگر ہلکے پھلکے کھانے ملتے ہیں۔
- **پارک اوینیو کیفے:** پیر سے جمعہ تک، صبح 6:30 بجے سے شام 5 بجے تک۔ صحن کی پہلی منزل پر واقع، پارک اوینیو کیفے میں متعدد اقسام کے ناشتے اور دوپہر کے کھانے ملتے ہیں۔

### تفریح

**مفت Wi-Fi تک رسائی حاصل کرنے کے لئے:**

- "سیٹنگ" میں Wi-Fi منتخب کریں
- "ایک نیٹ ورک چنیں" منتخب کریں
- "IHSPublic" منتخب کریں
- "شرائط سے متفق" پر کلک کریں

## دیگر خدمات

**اے ٹی ایم:** اے ٹی ایم Inova Schar Heart and Vascular اور ساؤتھ پیشنٹ ٹاور کے بیچ پہلی منزل کو جوڑنے والے پل پر، Inova L.J. Murphy Children's Hospital/ Inova Women's Hospital کی لابی میں ساؤتھ سائڈ کیفے کے قریب اور Inova Schar Heart and Vascular کی گفٹ شاپ کے سامنے دوسرے کنارے پر موجود ہیں۔

## زائرین سے متعلق پالیسی

تازہ ترین زائرین کی رہنما ہدایات دیکھیں: **Inova.org/Visit**

ہمارے یہاں ایک مریضوں پر مرتکز، شفا بخش ماحول رہتا ہے جس سے مریض کو ایک محفوظ، مامون، پرسکون اور نگہداشت والی ترتیب میں صحتیاب ہونے کا موقع ملتا ہے۔

طبی رہنماؤں کے ذریعہ موزوں سمجھے جانے والے طریقے پر اور مریض کی بتائی گئی ترجیحات کی بنیاد پر ملاقات میں ردوبدل کیا جا سکتا ہے۔ عوامی بحران کی صورت میں (جیسے کہ انفلوئنزا یا دیگر متعدی حالت میں) ملاقات کی پالیسی پر عارضی حدبندیوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ بیماری کی منتقلی کو کم کرنے میں مدد ملے۔ یہ حدبندیاں، حالت کے اعتبار سے، پورے نظام سے متعلق ہو سکتی ہیں، یا اسپتال سے مخصوص ہو سکتی ہیں یا متاثرہ نرسنگ اکائی (اکائیوں) تک محدود ہو سکتی ہیں۔

**گفٹ شاپ (تحفوں کی دکان):** کیمپس میں تحفوں کی تین دکانیں ہیں۔

- پیشنٹ ٹاور (مریضوں کے لئے عمارت): **703.776.3470**
- Inova Schar Heart and Vascular: **703.776.7066**
- Inova Women's/Inova Children's: **703.776.6066**

**نوٹری خدمات:** پیر سے جمعہ تک، صبح 8:30 بجے سے شام 3:30 بجے تک۔ **703.776.3663** پر کال کریں۔

## ڈسچارج

- آپ کی نگہداشت ٹیم اسپتال سے آپ کی منتقلی میں معاونت کرنے کی خاطر مل کر کام کرتی ہے۔
- آپ کا معالج/اسپتال میں آپ کی نگہداشت کرنے والا ڈاکٹر آپ کی ڈسچارج کی تاریخ طے کرے گا اور حکم تحریر کرے گا
- ممکن ہے کہ کیس مینیجمنٹ ٹیم کا ایک رکن خدمات کی رابطہ کاری میں مدد کرے اور ایک کامیاب ڈسچارج کے لئے آپ کو ضرورت پڑنے والی چیزوں کے آپ کے پاس ہونے کو یقینی بنائے
- آپ کی نرس آپ کے ساتھ ڈسچارج کی ہدایات کا جائزہ لے گی
- اگر آپ ڈسچارج کیے جانے کے لئے تیار ہیں مگر آپ کو کسی اضافی اقدام کی ضرورت ہے، جیسے کہ دواؤں کی بھرائی یا گھر تک جانا، تو ایک نگہداشت فراہم کنندہ آپ کو اس جگہ لے جائے گا جہاں ڈسچارج والے مریض انتظار کرتے ہیں، اور وہاں پر آپ ہمارے ساتھ ٹھہریں گے۔ مزید معلوات کے لئے **Inova.org/IFMCDischarge** دیکھیں۔

## ذاتی سازوسامان

Inova Fairfax Medical Campus کسی ذاتی سازوسامان کا ذمہ دار نہیں ہے، جن میں موبائل فون، عینک، مصنوعی بتیسی، سماعت میں معاون آلات اور دیگر قیمتی اشیاء شامل ہیں۔ روانہ ہونے سے پہلے برائے مہربانی اپنے کمرے کو دیکھ کر یقینی بنا لیں کہ آپ آپ نے سبھی قیمتی اشیاء اور ذاتی سازمان لے لیے ہیں۔ کسی گم ہوئے یا ملے ہوئے سامان کی اطلاع دینے کے لئے اپنی نگہداشت ٹیم کے کسی رکن سے بات کریں یا **703.776.2280** سے رابطہ کریں۔

## آپ کی نگہداشت ٹیم

**اسپتال کے معالج، ڈاکٹر اور دیگر نگہداشت فراہم کنندگان:** اسپتال کا معالج ایک ایسا معالج ہوتا ہے جسے اسپتال میں داخل مریضوں کی نگہداشت کرنے میں تخصص حاصل ہوتا ہے۔ اسپتال کے ڈاکٹر، متخصص معالجین اور اعلی تربیت یافتہ علاج فراہم کنندگان جیسے کہ نرس پریکٹشنر، دائیاں اور معالجین کے معاونین مریضوں کے قیام کے دوران ان کی نگہداشت کر سکتے ہیں۔

**نرسیں:** نرسیں جاری نگہداشت اور علاج کے بیچ رابطہ قائم کرتی ہیں، مریضوں کو محفوظ اور آرام کی حالت میں رکھنے میں مدد کرتی ہیں، اور مریضوں کو ان کے نگہداشت کے منصوبے کے بارے میں معلومات دیتی ہیں۔

**طبی تکنیک کار، طبی معاونین اور ورید پر نشتر لگانے والے: یہ ماہرین مریضوں کو لاحق متعدد قسم کی ضروریات کے سلسلے میں نگہداشت ٹیم کی مدد کرتے ہیں۔**

**تکنیک کار اور ماہرین ٹیکنالوجی:** یہ ماہرین مریضوں کی جانچوں، جیسے کہ تصویر کشی اور لیباریٹری والی جانچوں، میں تخصص کے حامل ہوتے ہیں۔

**اسپتال میں داخل فزیکل میڈیسن اور بازآبادکاری معالجین:** طبی معالجین حرکت کی بحالی، درد کا نظم کرنے، اور کھانے اور کپڑا پہننے جیسے مہارتوں کو پھر سے شروع کرنے میں مریض کی مدد کرتے ہیں۔

**تنفسی معالجین:** یہ معالجین شدید تنفسی علاج کی ضرورت والے مریضوں کے ساتھ کام کرتے ہیں۔

## مددگار وسائل

**فوری جواب:** اسپتال کا عملہ، مریض یا زائرین کسی فوری ہنگامی جواب کی خاطر کال کرنے کے لئے اسپتال کے کسی فون سے **5555** ڈائل کر سکتے ہیں۔

**زبان کی خدمات:** ایسے مریض اور افراد خاندان جو انگریزی کے علاوہ کسی دیگر زبان میں مواصلت کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، ان کے لئے تربیت یافتہ ترجمان مفت دستیاب ہیں۔

**معذور افراد کے حقوق:** Inova Fairfax Medical Campus کوشش کرتا ہے کہ وہ معذوریوں میں مبتلا امریکیوں کا ایکٹ اور معذوریوں میں مبتلا ورجینیا کے رہائشیوں کا ایکٹ کے مقاصد کی تکمیل کرے۔ پالیسی سے متعلق سوالات کے لئے مریض سے تعلقات والی ٹیم کو **703.776.3663** پر کال کریں۔

**پیشگی ہدایات:** درخواست پر ایک بروشر دستیاب ہے۔ برائے مہربانی تفصیلات اپنی نرس سے معلوم کریں۔

**بہرے حضرات/جنہیں اونچا سنائی دیتا ہو:** ایسے مریضوں اور افراد خاندان کےساتھ مؤثرمواصلت کو یقینی بنانے کے لئے جو بہرے ہوں یا جنہیں اونچا سنائی دیتا ہو، ہم امدادی آلات اور اشاراتی زبان کی خدمات مفت فراہم کرتے ہیں۔

**اخلاقیات سے متعلق صلاح مشورہ:** اسپتال کی اخلاقیات سے متعلق صلاح مشورہ والی ٹیم، زندگی او موت نیز زندگی کے معیار سے متعلق سوالات سے نمٹنے کے سلسلے میں مریض یا خاندان کی مدد کرنے کے لئے صلاح مشورہ کی خدمات فراہم کرتی ہے۔

**کیئر ایکٹ کے تحت نامزد شخص:** یہ شخص ڈسچارج ہو جانے پر مریض کی رہائش پر مریض کی مدد کرتا ہے۔

**نامزد معاونت شخص (*Designated Support Person (DSP)*):** ایک ایسا شخص (جسے مریض یا اس کے قانونی فیصلہ ساز کے ذریعہ نامزد کیا گیا ہو) ہے جو مریض کے اسپتال میں ہوتے وقت اسے مسلسل معاونت فراہم کرتا ہے۔ یہ ان مریضوں پر لاگو ہوتا ہے جن کی دماغی حالت میں تبدیلی آ گئی ہو یا جن کے اندر ماضی میں ایسی معذوری کی تشخیص ہوئی ہو جس کے لئے وہ اسپتال میں اپنے قیام سے قبل جاری امداد موصول کر رہے تھے۔

**MyChart:** یہ محفوظ، آن لائن صحت کے نظم والا ٹول مریضوں کو ان کے ذاتی طبی ریکارڈوں سے مربوط کرتا ہے نیز انھیں اپنے فراہم کنندگان کے ساتھ کسی بھی وقت، کہیں بھی مواصلت کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ **Inova.org/MyChart** پر یا **855.694.6682** پر کال کر کے سائن اپ کریں۔

## مریض کے اطمینان کا سروے

ڈسچارج کے بعد، آپ کو ڈاک، ای میل، یا ٹیکسٹ کے ذریعہ ایک سروے موصول ہو سکتا ہے۔ آپ کے تاثر سے ہمیں بہتری کے مواقع کا پتہ لگانے اور ان علاقوں کی شناخت کرنے میں مدد ملتی ہے جن میں ہماری خدمات شاندار ہیں۔

## پارکنگ

نیلے، ہرے اور مٹیالے گیراجوں کی فیس فی دن 5 ڈالر ہے۔ اگر زائر 30 منٹ میں باہر چلا جائے تو یہ فیس معاف کر دی جاتی ہے۔ اسپتال کی گفٹ شاپ سے ایک پیشگی ادا کردہ 10 ملاقاتوں والا پاس دستیاب ہے۔

Inova Surgery Center کے مریضوں کے لئے سرجری سینٹر کے داخل ہونے کے راستے پر پیر سے جمعہ تک صبح 5:30 سے رات 10 بجے تک مفت خدمت گار پارکنگ دستیاب ہے۔ محدود حرکت والے مریضوں یا زائرین کو داخل ہونے کے مرکزی راستوں پر ڈراپ کیا جا سکتا ہے۔

## عوامی نقل و حمل

بس یا ٹیکسی خدمات کے لئے،
**Inova.org/IFMCTransportation** ملاحظہ فرمائیں۔

## مالیات اور بیمہ سے متعلق معلومات

بلنگ سے متعلق سوالات کے لئے، **571.423.5750** پر کال کریں۔

G39372UR/1-24